© rasailojaraid.com



ادارہ

# مسافرانِ آخرت

● مجلس احرارِ اسلام ۶۔۱۱ ایل (چیچہ وطنی) کے ذمہ دار محمد عابد کے چچا منیر احمد ۲۴ر جولائی کو انتقال کر گئے۔

● مجلس احرارِ اسلام چیچہ وطنی کے سابق صدر اور معروف طبیب حکیم محمد رفیق خادم ۶ر اگست کو انتقال کر گئے، حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہ العالی کے بے تکلف دوستوں میں سے تھے۔ چیچہ وطنی میں عبداللطیف خالد چیمہ اور جماعت کے ساتھیوں کی سرپرستی کرتے تھے، قاری مسعود احمد سعادت اور دیگر ساتھی اگوکی (سیالکوٹ) سے جنازے میں شرکت کے لئے پہنچے۔

● تحریکِ ختمِ نبوّت ۱۹۵۳ء کے کارکن صوفی محمد طفیل مرحوم (چیچہ وطنی) کی صاحبزادی اور دلمراد حسین کی والدہ ماجدہ ۲۰ر اگست ۲۰۱۳ء کو چیچہ وطنی میں انتقال کر گئیں۔

● جامعہ فتحیہ لاہور کے استاذ قاری عبدالعزیز کے سسر مولانا عبدالرشید سرپرست جامع مسجد اقصیٰ غازی آباد چیچہ وطنی ۲۵ر اگست ۲۰۱۳ء کو انتقال فرما گئے۔　● والدہ مرحومہ قاضی محمد خالد، قاضی محمد عارف (اکوال، تلہ گنگ)

● اہلیہ مرحومہ جمال محمد صاحب (بھاوج مولوی فقیر اللہ صاحب) بستی مولویاں رحیم یار خان

● قاری عزیز الرحمٰن صاحب رحمہ اللہ ملتان (برادرِ اکبر مولانا حبیب الرحمٰن ہاشمی، امام وخطیب جامع مسجد نشتر میڈیکل کالج ملتان)

● بنت مرحومہ، ڈاکٹر منظور احمد مرحوم: مجلس احرارِ اسلام کے سابق رکن مرکزی مجلس شوریٰ ڈاکٹر منظور احمد مرحوم (عزیز فہم، میلسی ضلع وہاڑی) کی بیٹی اور برادران عامر، ناظر، یاسر کی ہمشیر گزشتہ ماہ انتقال کر گئی۔

● اہلیہ حافظ خدا بخش، انتقال: ۱۳ر اگست ۱۳۰۲ء (بڑی بستی آرائیاں، جتوئی)

● **حکیم مسعود اختر رحمہ اللہ:** ملتان کے قدیم ومعروف معالج خاندان کے بزرگ مسعود اختر (سلیمی دواخانہ والے) ۱۲ر اگست کو کینیڈا میں انتقال کر گئے۔ وہ حکیم عطاء اللہ خان مرحوم کے پوتے، حکیم سلیم اللہ خان مرحوم کے بڑے بیٹے، حکیم محمد حنیف اللہ مرحوم اور جناب محمد سعید کے بھتیجے اور حکیم حافظ محمد طارق، حکیم خلیل اللہ کے تایازاد تھے۔ مرحوم، کینیڈا میں مقیم اپنے بیٹے محمد عاصم کے پاس گئے ہوئے تھے۔ مرحوم کی عمر ۷۷ برس تھی۔ ان کے پسماندگان میں دو بیٹے عاصم، کاشف اور ایک بیوہ ہے۔ ان کی نمازِ جنازہ ۱۲ر اگست کو کینیڈا میں ہی ادا کی گئی اور وہیں تدفین ہوئی۔ مرحوم کے دادا حضرت حکیم عطاء اللہ خان رحمہ اللہ حضرت امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے معالجِ خاص اور انتہائی عقیدت مند تھے۔ ان کا پورا خاندان، امیر شریعت کے خاندان کے ساتھ محبت وخلوص اور عقیدت وارادت کی نسبت قائم رکھے ہوئے ہے۔ یہ تعلق اب اُن کی چوتھی نسل میں منتقل ہو چکا ہے۔ جناب مسعود اختر مرحوم، حضرت مولانا سید عطاء المحسن بخاری رحمہ اللہ کے لڑکپن کے بے تکلف دوستوں میں سے تھے۔ خوش طبع، خوش مزاج اور دردمند دل رکھنے والے انسان تھے۔ ابنِ امیر شریعت



© rasailojaraid.com

حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری، حضرت سید محمد وکیل شاہ بخاری اور خاندانِ امیر شریعت کے تمام افراد مرحوم کے لیے دعاءِ مغفرت کرتے ہیں اور پسماندگان کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور اُن کے لیے صبر کی دعا کرتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کی مغفرت فرمائے، حسنات قبول فرمائے اور درجات بلند فرمائے۔ پسماندگان کو صبرِ جمیل سے نوازے۔ (آمین) قارئین سے درخواست ہے کہ ایصال ثواب اور دعاءِ مغفرت کا خصوصی اہتمام فرمائیں (ادارہ)

## دعائے صحت

- لاہور میں قدیم احرار کارکن چودھری محمد اکرام صاحب علیل ہیں
- مجلس احرار اسلام ملتان کے قدیم کارکن عزیز الرحمٰن سنجرانی ان دنوں سعودی عرب میں شدید علیل ہیں
- مدرسہ معمورہ ملتان کے سابق سفیر بھائی بشیر چغتائی شدید علیل ہیں
- مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے نائب امیر ملک محمد یوسف (لاہور) علیل ہیں
- چودھری محمد ظفر اقبال ایڈووکیٹ (لاہور) کا ہرنیا کا آپریشن ہوا ہے
- دارالعلوم ختمِ نبوت چیچہ وطنی کے مدرس قاری محمد سعید علیل ہیں

قارئین سے دعائے صحت کی درخواست ہے۔ اللہ تعالیٰ تمام مریضوں کو شفاءِ کاملہ عطاء فرمائے (آمین)

ناقدین سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ
مصنف: مولانا پروفیسر قاضی محمد طاہر علی الہاشمی
صفحات: 280　قیمت: 400 روپے　(رعایتی قیمت پر حاصل کرنے کے لیے درج ذیل نمبر پر رابطہ کریں)
بخاری اکیڈمی، دارِ بنی ہاشم مہربان کالونی، ملتان 0300-8020384

